Maulana Azad National Urdu University

M.A. Economics, III Semester Examination, February 2023

Paper : MAEC301DST : Islamic Banking

پرچہ : اسلامک بینکنگ

Time : 3 hrs **Marks : 70**

ہدایات:

یہ پرچہ سوالات تین حصوں پر مشتمل ہے: حصہ اول، حصہ دوم، حصہ سوم۔ ہر جواب کے لئے لفظوں کی تعداد اشارۃً ہے۔ تمام حصوں سے سوالوں کا جواب دینا لازمی ہے۔

1. **حصہ اول** میں **10** لازمی سوالات ہیں جو کہ معروضی سوالات/ خالی جگہ پُر کرنا/مختصر جواب والے سوالات ہیں۔ ہر سوال کا جواب لازمی ہے۔ ہر سوال کے لیے 1 نمبر مختص ہے۔ **(10 x 1 = 10 Marks)**
2. **حصہ دوم** میں آٹھ سوالات ہیں۔اس میں سے طالب علم کو کوئی پانچ سوالوں کے جواب دینے ہیں۔ ہر سوال کا جواب تقریباً دوسو **(200)** لفظوں پر مشتمل ہے۔ ہر سوال کے لیے **6** نمبرات مختص ہیں۔ **(5 x 6 = 30 Marks)**
3. **حصہ سوم** میں پانچ سوالات ہیں۔اس میں سے طالب علم کو کوئی تین سوالوں کے جواب دینے ہیں۔ ہر سوال کا جواب تقریباً پانچ سو**(500)** لفظوں پر مشتمل ہے۔ ہر سوال کے لیے**10** نمبرات مختص ہیں۔ **(3 x 10 = 30 Marks)**

حصہ اول

سوال نمبر : 1

i. اسٹاک مارکیٹ(Stock Market) کا سب سے اہم کام(Function) کیا ہے؟

(a) ثالثی (Intermediation) (b) حتمی شکل دینا (c) یہ سبھی

ii. قرآن میں اسلامی مالیات(Islamic Finance) کے اصول کس دور میں بیان کئے گئے؟

(a) چودہ سوسال پہلے (b) گیارہ سوسال پہلے (c) ان میں سے کوئی نہیں

iii. اسلامی بینکوں کا مقصد کس قسم کی سرمایہ کاری(Investment) سے اپنا منافع حاصل کرنا ہے۔

(a) سرمایہ کاری(PLS) منافع اور نقصان کا اشتراک (b) صرف منافع کی بنیاد پر (c) یہ سبھی

iv. اسلامی بینکوں کے لیے کس قسم(kind) کی سرمایہ کاری(Investment) پر غور کیا جاتا ہے۔

(a) سرمایہ کاری کا پرکشش موڈ (b) سرمایہ کاری کا غیر منافع بخش موڈ (c) یہ سبھی

v. کن مسلم ممالک نے سب سے پہلے معاشی بنیادوں پر سود کے خاتمے کے لیے جرات مندانہ اقدام اٹھائے گئے؟

(a) ایران اور سوڈان (b) افغانستان اور جنوبی افریقہ (c) یہ سبھی

vi. قرآن مجید میں سود کی حرمت کے بارے میں کتنی آیات ہیں؟

(a) دو (b) تین (c) چار

vii. اسلامی بینکنگ میں سود کیوں حرام ہے؟

(a) استحصالی فطرت (b) جامع فطرت (c) (a) اور(b) دونوں

viii. اجماع کیا ہے؟

(a) بعض مسائل پر علمائے کرام کا اجتماع (b) اسلامی شریعت کے سب سے مستند ذرائع (c) (a) اور(b) دونوں

ix. وینچر کیپٹل (Venture Capital) فنانسنگ تکنیک(Financing Technique) کی ایک قسم جو سرمایہ کار کو فراہم کی جاتی ہے۔

(a) ابتدائی کمپنیوں(Start-up Companies)　(b) بیمار یونٹس(Sick Units)　(c) ان میں سے کوئی نہیں

x. شرعی اصولوں کے مطابق سرمایہ کاری کے سلسلے میں آپ بحیثیت مسلمان کیا کردار ادا کرتے ہیں؟

(a) نائب(Agent)　(b) بادشاہ (King)　(c) ان میں سے کوئی نہیں

حصہ دوم

2. ہائبرڈ بینکنگ(Hybrid Banking) کا تصور اسلامی بینک کاری کے اصولوں اور طریقوں سے کیسے مطابقت رکھتا ہے۔ اور ان دو بینک کاری کو مربوط کرنے سے کون سے ممکنہ چیلنجز یا مواقع پیدا ہوتے ہیں۔ وضاحت کیجیے۔

3. وینچر کیپٹل(Venture Capital) کمپنیوں اور اسلامی بینکوں میں اپنے فلسفوں(Philosophies) اور ان کے کردار(Role) کے حوالے سے کیا مشترکات ہیں؟ وضاحت کریں۔

4. اسلامی بینک کاری نظام میں لیز(Lease) کو سرمایہ کاری کا ایک پرکشش طریقہ کیوں سمجھا جاتا ہے؟ وضاحت کریں۔

5. اسلام سودی مالی اعانت کے مقابلے میں شراکتی مالیاتی طریقوں(Participative Mode of Finance) کو کیوں پسند کرتا ہے؟ وضاحت کیجیے۔

6. اسٹاک مارکیٹ کے کام(Functions) کیا ہیں؟ اسٹاک مارکیٹ(Stock Market) کو اسلامی اصولوں کے مطابق بنانے کے لیے اس میں کن تبدیلیوں کی ضرورت ہوگی؟ وضاحت کیجیے۔

7. شریعت کی طرف سے منظور شدہ سرمایہ کاری(Investment Operations) کی چھ اقسام کیا ہیں؟ ان میں سے ہر ایک کی مختصر تفصیل فراہم کریں

8. کیا آپ اس بات سے اتفاق کرتے ہیں کہ اجارہ(Ijara) اسلامی بینک کاری نظام کا ایک ایسا آلہ ہے جو صارفین کی مختلف ضروریات کو پورا کرنے کا ایک لچکدار ذریعہ فراہم کرتا ہے؟ وضاحت کریں۔

9. اسلامی بینک کے تناظر میں Mobilisation of Funds کے تین آلات(Instruments) کو مختصراً بیان کریں۔

حصہ سوم

10. ایکویٹی فنانسنگ(Equity Financing) اور ٹریڈ فنانسنگ(Trade Financing) میں کیا فرق ہے؟ اسلامی ترقیاتی بینک ٹریڈ فنانسنگ کے حوالے سے درپیش آنے والے مسائل کی وضاحت کریں۔

11 آپ کے خیال میں اسلامی بینک میں کیریئر کے خواہش مند لوگوں کے لیے قابلیت کے اہم شرائط کیا ہیں؟ براہ کرم اس پر تفصیلی نوٹ لکھیں۔

12. اسلامی سرمایہ کاری کمپنیوں(Islamic Investment Campus) کو درپیش موجودہ بنیادی چیلنجز کیا ہیں؟ ان مسائل سے نمٹنے کے لیے آپ کیا حل تجویز کریں گے؟

13. کسی بھی مرکزی بینک(Central Bank) کے ساتھ اسلامی بینک کے تعلقات کے تین شعبے کیا ہیں؟ مالیاتی پالیسی(Monetary Policy) کے دائرے میں مرکزی بینک اسلامی بینکوں کو کنٹرول کرنے کے لیے کن مختلف طریقوں کو اختیار کر سکتے ہیں؟ وضاحت کریں۔

14. اسلامی بینک میں شریعہ بورڈ(Shariah Board) کے بنیادی کردار کیا ہیں اور آپ بورڈ کے ہر ممبر کی اہلیت کے بارے میں کیا سمجھتے ہیں۔ وضاحت کریں۔

☆☆☆